ڈیرہ اسمٰعیل خان میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔26، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ اسمٰعیل خان کے ٹاؤن ہال میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈیرہ اسمٰعیل خان میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے اور اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کا خون بہانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ڈیرہ اسمٰعیل خان میں بم دھماکہ کا نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

حسین علی یوسفی کا قتل پرامن عوام کو مشتعل کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔26، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کوئٹہ میں ہزارہ ڈیموکریٹک موومنٹ کے رہنماء حسین علی یوسفی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حسین علی یوسفی کا قتل پرامن عوام کو مشتعل کرنے کی اور صوبہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ہزارہ ڈیموکریٹک موومنٹ کے رہنماء حسین علی یوسفی کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے حسین علی یوسفی کے سوگوار لواحقین اور ہزارہ ڈیموکریٹک موومنٹ کے رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حسین علی یوسفی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

حق پرستی کا پیغام ملک بھر میں فروغ پا رہا ہے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔26، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ کشور زہرا اور مرکزی کمیٹی کی اراکین نے کہا ہے کہ حق پرستی کا پیغام ملک بھر میں فروغ پا رہا ہے اور انشاء اللہ ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہوکر ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ دیں گے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست منتخب نمائندوں سلیم بٹ اور محمد طاہر کھوکھر کی جانب سے حکومتی منصب کا حلف اٹھانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم ایک قومی جماعت ہے اور ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم کو اپنا ترجمان تسلیم کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور حق پرستی کا فکر وفلسفہ آزاد کشمیر میں بھی تیزی سے فروغ پا رہا ہے اور انشاء اللہ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں بھی حق پرست نمائندے کشمیری عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مدبرانہ قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ قومی جماعت کا روپ دھار چکی ہے اور اس میں تمام قومیتوں، برادریوں، مسالک اور مذاہب کے ماننے والوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے کشمیری عوام کو حق پرست منتخب نمائندوں سلیم بٹ اور محمد طاہر کھوکھر کے آزاد کشمیر کابینہ میں ڈپٹی اسپیکر اور حکومتی وزیر کا حلف اٹھانے پر مبارکباد پیش کی۔

آزاد کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ کی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے، سلیم بٹ
کشمیر سینٹر محمود آباد میں اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔26، جنوری 2009ء۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی مقبولیت میں نہ صرف ملکی سطح پر بلکہ آزاد کشمیر بھی اضافہ ہوا ہے اور آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست پرست نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر

وفلسفہ اور نظریئے کے مطابق اپنی جدوجہد کا مقصد انسانیت کی بلاتفریق خدمت کو ہی رکھیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کشمیر سینٹر محمود آباد کراچی میں کشمیریوں کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر کشمیری برادری کے معززین نے ایم کیوایم کی آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سلیم بٹ نے کہا کہ گزشتہ برسوں آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے قیامت خیز اور ہولناک زلزلہ میں متحدہ قومی موومنٹ کی امدادی سرگرمیاں دنیا بھر نے دیکھیں اور کشمیری عوام بھی بلاتفریق ان امدادی سرگرمیوں سے بے حد متاثر ہوئے اور متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں ، وزراء اور کارکنان کی انسانیت خدمت کے جذبے کو دیکھ کر انہوں نے جان لیا تھا کہ یہی وہ جماعت ہے کہ جو کشمیری عوام کی قسمت بدل سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست نمائندوں کی کامیابی دراصل حق پرست شہداء کی قربانیوں کا صلا ہے اور ان شہداء کے صدقے آج ایم کیوایم آزاد کشمیر میں بھی پھیل رہی ہے اور لوگوں کے دلوں کی دھڑکن بن رہی ہے۔سلیم بٹ نے کشمیری عوام کو یقین دلایا کہ وہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں کشمیری عوام کے مسائل بلاتفریق حل کرنے کیلئے اپنے تمام اختیارات اور ذرائع کو استعمال کریں گے اور کشمیری عوام کو ترقی وخوشحالی اور جدید معاشرے سے ہم آہنگ کرنے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

☆☆☆☆☆